رہبر معظم نے قم میں اسلامی مراکز کی نمائشگاہ کا مشاہدہ کیا - 23 /Oct/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج سہ پہر کو قم کے ستر سے زیادہاسلامی مراکز اور تحقیقی اداروں کے علمی اور تحقیقاتی آثار کی نمائشگاہ کا تین گھنٹے سے زیادہ عرصہ تک مشاہدہ کیا۔

مشکوۃ نامی اس نمائشگاہ میں اسلامی تحقیقاتی مراکز اور اداروں نے تحقیقاتی آثار ، مقالات ، پی ایچ ڈی سطح کے تحقیقاتی رسالوں ، حوزوی تحقیقات اور حوزہ علمیہ کے منتخب سافٹ ویئر کو 60 اطاقوں میں نمائش کے لئے پیش کیا تھا۔

اس نمائشگاہ میں بعض علمی آثار اور مقالات جو پیش کئے گئے تھے وہمذہبی تعلیمات اور جوان نسل کی واقفیت کے لئے قرآنی اور دینی سوالات کے جوابات سے متعلق تھے۔

اسلامی اخلاق کے عملی اور نظری اصول کے بارے میں تحقیق ، جوانوں کے لئے قرآن کریم کی تفسیر کے تحقیقاتی منصوبے بالخصوصتفسیر موضوعی پر تحقیق و ریسرچ،معارف و مفاہیم کی معرفی، دعاؤں کا مجموعہ، عقلی علوم کے مباحث کا مجموعہ، شیعہ کی شناخت کے سلسلے میں تخصصی موضوعات اور مقالات، احادیث کا جائزہ، مہدویت کے بارے میں علمی آثار و مقالات اور جوانوں کے اعتقادی اور فکری ضروریات کے بارے میں جوابات ، اسلامی علوم سے متعلق علمی و تحقیقاتی آثار، ، احکام کے موضوعات کی پہچان، قرآنی علوم، فلکی اور نجومی مطالعات اور تحقیقات اور نہج البلاغہ کے بارے میں تحقیقاتی مقالات اور آثار، ایسے علمی آثار اور موضوعات تھے جو اس نمائشگاہ میں پیش کئے گئے تھے۔

مرحوم آیت اللہ نجفی مرعشی کے کتابخانہ کے اطاق، شبہاتکے جوابات اور مطالعات کا مرکز، حوزہ علمیہ کی علمی انجمنوں اور حوزہ علمیہ کے تخصصی کتابخانوں نے بھی اس نمائشگاہ میں اپنے علمی اور تحقیقاتی آثار کو پیش کیا تھا۔

اس نمائشگاہ میں اسی طرح حوزہ علمیہ کے منتخب آثار بالخصوص اسلامی کتابوں پر مشتمل ڈیجیٹل کتابخانہ سرچ قابلیت کے ہمراہ، حوزہ علمیہ کی اطلاعات و فنی آوری کے عنوان سے پیش کیا گیا تھا۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کی طرف سے نمائشگاہ کے مشاہدہ کے دوراناذان مغرب ہوگئی جس کے بعد رہبر معظم انقلاب اسلامی کی امامت میں نمازادا کی گئی اور نماز کے بعد رہبر معظم انقلاب اسلامی نےنمائشگاہ کا مشاہدہ جاری رکھا۔